# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 11 January-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۱/جنوری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر کی خاطر شہریان کو سو فیصدی بنیادی سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت کا وزیرِ اعظم کی جانب سے اظہار۔

☆ ’’منشیات کی اسمگلنگ اور قومی سلامتی‘‘ کے عنوان پر آج نئی دلّی میں قومی کانفرنس کا انعقاد۔

☆ مہا کمبھ میلے کیلئے آ کاشوانی کے خصوصی چینل کمبھ وانی کا افتتاح۔

☆ ناندیڑ کے کسان رتنا کر ڈھگے کو صدرِ جمہوریہ کی جانب سے 26 جنوری کی تقریبات میں شرکت کیلئے کیا گیا مدعو۔

اور۔۔۔☆ جالنہ کو سیلف ہیلپ گروپ کی مصنوعات آن لائن فروخت کرنے کیلئے پائلٹ ضلع کے طور پر کیا گیا منتخب۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ 2047 تک ترقی یافتہ بھارت بنانے کی خاطر شہریان کے بنیادی مسائل حل کیے جانے چاہیے۔ سرمایہ کار نکھل کامتھ کے پاڈ کاسٹ کے دوران وزیرِ اعظم نے یہ بات کہی۔ انھوں نے بتایا کہ سرکاری اسکیمات پر 100 فیصد عمل درآمد کیا جانا چاہیے۔ وزیرِ اعظم نے سرکاری اسکیمات کو سماجی انصاف اور مذہبی رواداری کا ایک روپ بتایا۔ انھوں نے کہا کہ سیاست میں کامیاب ہونے کیلئے خود سپردگی‘ وعدوں کی پابندی‘ قیادت اور ہمیشہ عوام کے بیچ رہنا ضروری ہے۔ مودی نے اچھے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ نہ صرف اپنی خواہشات کی خاطر بلکہ ایک ہدف طئے کر کے سیاست میں آئیں۔ اس Podcast میں وزیرِ اعظم نے اپنی زندگی‘ تعلیم‘ سیاست میں اپنی کارکردگی‘ انتظامی صلاحیتوں اور دیگر موضوعات پر تبادلۂ خیال کیا۔ انھوں نے کہا۔

*’’پہلے ٹرم میں تو لوگ مجھے بھی سمجھنے کی کوشش کرتے تھے اور میں بھی دلّی کو سمجھنے کی کوشش کر رہا تھا۔ پہلے اور دوسرے ٹرم میں مَیں بیتے ہوئے کل کے سندربھ میں سوچتا۔ تیسرے ٹرم میں میری سوچ کا دائرہ بدل چکا ہے میرا حوصلہ زیادہ بلند ہو چکا ہے میرے سپنوں کا وِستار ہو چکا ہے میرے ارمان بڑھتے چلے جا رہے ہیں۔ کہنے کا تاتپریہ ہے کہ مجھے 2047 وِکست بھارت مطلب کی بھاشن نہیں ہے جیٔ ٹوائلیٹ 100% ہو جانا چاہیئے بجلی 100% ہونے جارہی ہۓ نل سے جل 100% ہو جانا چاہیئے سامانیے مانوی کو 100% ڈیلیوری ہونا چاہیے۔‘‘*

***** ***** *****

صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو نے کہا ہے کہ بیرون ملک رہنے والے بھارتی شہریان دیگر ملکوں میں علم و ہنر کے ساتھ ساتھ ملکی اقدار کی بھی نمائندگی کرتے ہیں۔صدرِ جمہوریہ کل اڈیشہ کے بھونیشور میں 18 ویں پرواسی دن کے اختتام اجلاس سے خطاب کررہی تھیں۔ بیرون ملک مختلف شعبہ جات میں بہترین خدمات انجام دینے والے این آر آئیز غیر رہائشی بھارتیوں کو اس اجلاس میں اعزاز سے نوازا گیا۔صدرِ جمہوریہ مُرمو نے اس موقع پر اُڈیشہ کے روایتی فنون کی نمائش کا بھی دورہ کیا۔

***** ***** *****

آج نئی دہلی میں ''منشیات کی اسمگلنگ اور قومی سلامتی'' کے عنوان پر ایک قومی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا ہے۔مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ کی زیرِ صدارت ہونے والی اس کانفرنس میں آٹھ ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے گورنرس' لیفٹیننٹ گورنرس' وزرائے اعلیٰ اور مختلف تنظیموں کے اعلیٰ حکام شرکت کریں گے۔اسی دوران وزیرِ داخلہ منشیات کے خاتمے کے پندرہویں دن کا آغاز کریں گے اور آن لائن ہیلپ ڈیسک ''مانس-2'' کا افتتاح کریں گے۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت کی جانب سے تمام ریاستوں کو کل ایک کروڑ 73 لاکھ 30 ہزار کروڑ روپئوں کی ٹیکس کی رقم سونپی گئی۔اس میں مہاراشٹر کا 10 ہزار 930 کروڑ 31 لاکھ روپئوں کا حصہ ہے۔سرمایہ کاری کے خرچ کو رفتار دینے اور ترقیاتی کاموں سے متعلق خرچ کیلئے مرکزی حکومت نے یہ ٹیکس کی رقم ریاستوں کو دی ہے۔اس اضافی ٹیکس کی رقم ملنے پر وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے وزیرِ اعظم نریندر مودی اور وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رمن کا شکریہ ادا کیا۔ریاست میں ٹیکس وصولی میں اضافے اور اس کی چوری روکنے کیلئے ایک کمیٹی کی تشکیل کی گئی ہے۔وزیرِ اعلیٰ پھڑنویس نے کل چندر پور میں صحیفہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے یہ اطلاع دی۔انھوں نے کہا کہ جو محصول چوری ہو رہا ہے اور جو ریاست کے خزانے میں آنا چاہیے وہ محصول کچھ لوگ اپنی تجوری میں بھر رہے ہیں یا اسے ڈبانے کیلئے نت نئے حربے استعمال کر رہے ہیں۔اس کی روک تھام کیلئے اور ریاست کا محصول ریاست کو کیسے ملے اس سے متعلق یہ کمیٹی تشکیل کی گئی ہے۔

***** ***** *****

صحت کی وزارت کے مرکزی وزیرِ مملکت پرتاپ راوٗ جادھو نے HMPV وائرس سے خوف زدہ نہ ہونے اور احتیاط برتنے کی شہریان سے اپیل کی ہے۔وزیرِ موصوف کل ایوت محل میں صحافیوں سے بات کر رہے تھے۔انھوں نے بتایا کہ یہ نئی بیماری نہیں ہے اور اس مرض سے اب تک متاثر ہونے والے مریض صحت یاب ہو کر اپنے گھروں کو لوٹے ہیں۔وزیرِ موصوف نے بتایا کہ یہ وائرس سردی کے موسم میں کم قوتِ مدافعت رکھنے والے افراد میں پایا جاتا ہے۔انھوں نے سب سے احتیاط برتنے' کھانسی یا چھینک آنے پر رومال یا ماسک کا استعمال کرنے، بار بار ہاتھ دھونے اور سینیٹائزر استعمال کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

اُتر پردیش کے وزیرِ اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کے ہاتھوں کل مہا کمبھ -2025 کیلئے وقف آکاشوانی کے خصوصی مہا کمبھ چینل کا افتتاح عمل میں آیا۔اس موقع پر پرسار بھارتی کے سربراہ نونیت کمار سہگل اور چیف ایگزیکٹیو افسر گورو دویدی موجود تھے۔اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیرِ مملکت ایل مرگن نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اس پروگرام میں شرکت کی۔اس سلسلے میں موصولہ خبروں کے مطابق آئندہ 26 فروری تک مہا کمبھ میلے میں ہونے والے امرت اسنان سمیت تمام پروگرامس کمبھ وانی چینل سے براہِ راست نشر کیے جائیں گے۔صبح پانچ بجکر 55 منٹ سے رات دس بجکر پانچ منٹ تک یہ چینل شروع رہے گا۔آکاشوانی کے 103 میگا ہرٹز پر نیوز آن اے آئی آر ایپ پر اور Waves اس OTT پلیٹ فارم پر بھی کمبھ وانی کی نشریات سنی جا سکیں گی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

21واں تھرڈ آئی ایشین فلم فیسٹیول کا کل ممبئی میں آغاز ہوا۔ پدم بھوشن اعزاز پانے والے معروف کہانی نویس اور نغمہ نگار جاوید اختر کو فیسٹیول کے چیئرمن کرن شانتا رام نے فلم انڈسٹری میں ان کی بے مثال خدمات کیلئے خصوصی ایوارڈ ایشین کلچر سے نوازا۔ آئندہ 16 جنوری تک جاری رہنے والے اس فیسٹیول میں کئی معیاری فلمیں نمائش کیلئے پیش کی جائیں گی۔

***** ***** *****

امدادِ باہمی کے ریاستی وزیر بابا صاحب پاٹل نے کہا ہے کہ ایک تہذیب یافتہ نسل تیار کرنے کی خاطر طلبہ میں اچھے اخلاق کی ضرورت ہے۔ وزیرِ موصوف کل لاتور میں تین روزہ مراٹھا تعلیمی کانفرنس کے افتتاح کے موقع پر بول رہے تھے۔ پرنسپلز کی دو روزہ ریاستی سطح کی 61 ویں تعلیمی کانفرنس کا بھی افتتاح کل لاتور میں وزیرِ موصوف کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اس موقع پر پاٹل نے خیال ظاہر کیا کہ مہذب نسل کی تشکیل کیلئے علم کے مندروں کی زیادہ ضرورت ہے۔

***** ***** *****

بیڑ میں واقع مسا جوگ کے سرپنچ سنتوش دیشمکھ کے قتل معاملے میں انسانی حقوق کے قومی کمیشن میں جرم داخل کیا گیا ہے۔ رکنِ پارلیمان بجرنگ سونونے نے اس معاملے میں کمیشن سے مطالبہ کیا تھا۔ اس بیچ کل جالنہ میں اس قتل معاملے کے ملزمین پر فاسٹ ٹریک عدالت میں کیس چلانے اور مجرمین کو پھانسی کی سزا دینے کے مطالبہ پر مراٹھا کرانتی مورچے کی جانب سے آکروش جلوس نکالا گیا۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے لوہا تعلقے میں واقع سایال کے کسان رتنا کر ڈھگے کو 26 جنوری تقریبات کی مناسبت سے صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو کی جانب سے دعوت نامہ ملا ہے۔ گذشتہ 15 برسوں سے نامیاتی کھیتی سے متعلق بیداری پیدا کر رہے ڈھگے نے صدرِ جمہوریہ کا شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے بتایا کہ دلّی میں میری تحریک کو قدر کی نگاہ سے دیکھا گیا ہے، یہ ہمارے لیے آج خوشی کا لمحہ ہے۔ ڈھگے نے کہا کہ اُن کی نامیاتی کاشتکاری کی تحریک کا مقصد بیماریوں سے پاک اور صحت مند نسل تیار کرنا ہے۔

***** ***** *****

سیلف ہیلپ گروپوں کے تیار کردہ مصنوعات کو آن لائن فروخت کرنے کیلئے جالنہ ضلع کو پائلٹ ضلع کے طور پر منتخب کیا گیا ہے۔ یہ اطلاع ضلع پریشد کی چیف ایگزیکیٹیو آفیسر ورشا مینا نے دی۔ موصوفہ نے کل جالنہ میں مہاراشٹر اسٹیٹ رورل لائیولی ہوڈ امپرومینٹ مشن (اُمید) مارٹ کے افتتاح کے موقعے پر بول رہی تھیں۔

اسی بیچ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع پریشد کی جانب سے تین روزہ سدھا فیسٹیول آج سے شروع ہو رہا ہے۔ امید سیلف ہیلپ گروپ کے خواتین کی سیلف ہیلپ گروپ کے ذریعے تیار کردہ مصنوعات یہاں دستیاب ہوں گی۔ ضلع دیہی ترقی ایجنسی کے پروجیکٹ ڈائریکٹر اشوک سرسے نے شہریان سے اس میں شرکت کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر کی خاطر شہریان کو سو فیصدی بنیادی سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت کا وزیرِ اعظم کی جانب سے اظہار۔

☆ ''منشیات کی اسمگلنگ اور قومی سلامتی'' کے عنوان پر آج نئی دلّی میں قومی کانفرنس کا انعقاد۔

☆ مہا کمبھ میلے کیلئے آکاشوانی کے خصوصی چینل کمبھ وانی کا افتتاح۔

☆ ناندیڑ کے کسان رتنا کرڈھگے کو صدرِ جمہوریہ کی جانب سے 26 جنوری کی تقریبات میں شرکت کیلئے کیا گیا مدعو۔

اور۔۔۔☆ جالنہ کو سیلف ہیلپ گروپ کی مصنوعات آن لائن فروخت کرنے کیلئے پائلٹ ضلع کے طور پر کیا گیا منتخب۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****